© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

### فقہی مقالات — ولی اللہ مجید قاسمی

ناشر: مکتبہ اشرفیہ، ۳۶۔محمد علی روڈ، ممبئی۔ ۴۰۰۰۰۳، ۲۰۱۷ء، صفحات: ۵۸۰، قیمت۔/ ۳۰۰ روپے

نئے پیش آمدہ مسائل پر نصوص کی روشنی میں غور وخوض کرنے اور ان کا شرعی حل تلاش کرنے کی علماء نے ہر زمانے میں کوشش کی ہے۔ یہ کوشش انفرادی سطح پر بھی انجام دی گئی ہے اور اجتماعی طور پر بھی غور وخوض کا سلسلہ جاری رہا ہے۔ موجودہ دور میں تیزی سے بدلتے ہوئے حالات میں پیش آنے والے نئے مسائل پر غور وخوض کرنے اور ان کا شرعی حل تلاش کرنے کے لیے ہر ملک میں اجتماعی ادارے قائم ہیں۔ بعض ادارے بین الاقوامی حیثیت رکھتے ہیں، مثلاً تنظیم اسلامی کانفرنس اور رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامک فقہ اکیڈمیز۔ ہندوستان میں قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ کی سربراہی میں اسی طرح کا اجتماعی ادارہ اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کے نام سے قائم ہوا تھا، جو ربع صدی سے زائد عرصہ سے یہ خدمت انجام دے رہا ہے۔ اس کے تحت ہر برس چند نئے موضوعات کا اعلان ہوتا ہے، علماء ان پر تحقیقی مقالات تحریر کرتے ہیں، اکیڈمی کی طرف سے ان کے خلاصے تیار کیے جاتے ہیں، پھر ملک کے کسی حصے میں سمینار منعقد ہوتا ہے، جس میں علماء شرکت کرتے ہیں اور طویل بحث ومباحثہ کے بعد متفقہ طور پر تجاویز اور قراردادیں منظور کی جاتی ہیں۔

مولانا ولی اللہ مجید قاسمی اسلامک فقہ اکیڈمی کے معزز رکن ہیں۔ اکیڈمی کی طرف سے متعینہ موضوعات پر وہ پابندی سے مقالات تحریر کرتے رہے ہیں اور اس کے سمیناروں میں بھی برابر ان کی شرکت رہتی ہے۔ زیرِ نظر کتاب ان سمیناروں میں پیش کیے گئے ان کے مقالات کا مجموعہ ہے۔ ان میں سے بعض مقالات اس سے قبل سہ ماہی تحقیقاتِ اسلامی میں بھی شائع ہو چکے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس کتاب میں بیس (۲۰) موضوعات زیر بحث آئے ہیں: (۱) غلّے اور پھلوں کی زکوٰۃ (۲) مصارفِ زکوٰۃ (۳) زکوٰۃ: تقسیمِ دولت کا عادلانہ نظام (۴) مشروط نکاح (۵) کفاءت کی شرعی حیثیت (۶) عقدِ نکاح میں سرپرست کی حیثیت اور کردار (۷) مشترکہ اور جداگانہ خاندانی نظام (۸) میاں بیوی کے درمیان شقاق کی صورت میں قاضی اور حکم کے اختیارات (۹) حالتِ نشہ کی طلاق (۱۰) معاشیات اور اس کی تعلیم (۱۱) تعاونی بیمہ (۱۲) بیع وفا (۱۳) جوا اور جوا آمیز معاملات (۱۴) دار الحرب میں سود (۱۵) غیر مسلموں کے ساتھ سماجی تعلقات (۱۶) اسلام کا نظریۂ طب وعلاج (۱۷) الکوہل کا استعمال (۱۸) قتل بہ جذبۂ رحم (۱۹) جہیز یا وراثت (۲۰) اسلام کا نظامِ وراثت۔ ان میں سے بعض موضوعات پر صدر ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری اور بعض اراکینِ ادارہ کی بھی تحریریں شائع ہو چکی ہیں۔

مولانا ولی اللہ قاسمی نے دار العلوم دیوبند سے اعلیٰ تعلیم حاصل کی ہے۔ اس کے بعد مولانا خالد سیف اللہ رحمانی سے بھی فیض اٹھایا ہے۔ طویل عرصہ سے جامعۃ الفلاح بلریا گنج اعظم گڑھ میں حدیث اور فقہ کی منتہی کتابوں کی تدریس ان کے ذمے ہے۔ انھیں فقہ میں اختصاص حاصل ہے۔ انھوں نے مذکورہ موضوعات پر تحقیقی اسلوب میں بحث کی ہے۔ قرآن وحدیث کے علاوہ فقہ کے بنیادی مصادر ان کے پیش نظر رہے ہیں۔ انھوں نے ہر بات دلیل سے کہی ہے اور فقہائے متقدمین کے حوالے دیے ہیں۔ ان کی فکر میں توسّع ہے، جس کا اظہار ان مقالات سے بھی ہوتا ہے۔

امید ہے، اس مجموعۂ مقالات کو علمی دنیا میں قبولِ عام حاصل ہوگا اور نئے مباحث میں اس سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)

## نوادراتِ شبلی ڈاکٹر محمد الیاس الاعظمی

ناشر: ادبی دائرہ، اعظم گڑھ، اتر پردیش، ۲۰۱۷ء، صفحات: ۲۵۶، قیمت: ۴۰۰ روپے

علامہ شبلی نعمانیؒ (م ۱۹۱۴ء) کی شخصیت میں بڑا تنوع پایا جاتا ہے۔ ان کی



© rasailojaraid.com